ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (527)

02.10.2023

## بہاول پور( )ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر ضلع میں جاری انسداد پولیو مہم کے حوالے سے فول پروف سیکیورٹی کے انتظامات، تمام شہریوں کے ساتھ ساتھ انسداد پولیو مہم کے سلسلہ میں پولیو ورکرز کو بلا خوف وخطر پرامن ماحول مہیا کرنا ہماری اولین ڈیوٹی میں شامل ہے، معاشرتی امن کو خراب کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی پالیسی ضلع میں معاشرتی امن اور فول پروف سیکیورٹی کے انتظامات کے حوالے سے پنجاب بھر کی طرح بہاول پور ضلع میں بھی انسداد پولیو مہم جاری ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر اس حوالے سے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات مکمل کر کے سیکیورٹی پلان جاری کیا جا چکا ہے، مورخہ 02 اکتوبر سے 06 اکتوبر 2023 تک ضلع بھر میں انسداد پولیو مہم کے سلسلہ میں 450 سے زائد پولیس افسران وملازمان اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز پولیو ورکرز کی سیکیورٹی کو باقاعدگی سے چیک کریں، انسداد پولیو مہم کے سلسلہ میں پولیو ورکرز جو کہ مفاد عامہ اور ریاستی احکامات کی روشنی میں اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، ان کی سیکیورٹی اولین ترجیح ہے، یہ ہمارے مستقبل کے معمار بچوں کی صحت کا معاملہ ہے، کیونکہ پولیو کے قطرے نا پینے والے بچے ہمیشہ کے لیے معذوری کا شکار ہو سکتے ہیں، پولیو ورکرز کو بلا خوف وخطر پرامن ماحول مہیا کرنا ہماری ڈیوٹی میں شامل ہے، ڈیوٹی پر مامور جوانوں کو ہمہ وقت الرٹ رکھیں تاکہ ضلع میں امن وامان کی فضا کو برقرار رکھا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام شہریوں کے ساتھ ساتھ انسداد پولیو مہم کے سلسلہ میں پولیو ورکرز کو بلا خوف وخطر پرامن ماحول مہیا کرنا ہماری اولین ڈیوٹی میں شامل ہے، معاشرتی امن کو خراب کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر ضلع میں جاری انسداد پولیو مہم کے حوالے سے فول پروف سیکیورٹی کے انتظامات، پولیو ٹیموں کے ہمراہ پولیس کے جوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سے انجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(528)

مورخہ 02.10.23

## بہاولپور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی تعیناتی میں اب تک مثالی کارکردگی سے بہاولپور ضلع میں امن وامان کی صورت حال بہتر سے بہترین ہوگئی، بہاولپور پولیس کی جانب سے 27 کروڑ 90لاکھ روپے سے زائد کی ریکارڈ ریکوری۔منشیات فروشوں سے 14 من سے زائد چرس اور 1 من سے زائد ہیروئین پاؤڈر برآمد، بہاولپور کو شرفا کیلئے جنت جبکہ جرائم پیشہ افراد کیلئے خوف کی علامت بنایا جائے گا انشااللہ،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے بہاولپور میں مثالی امن قائم رکھتے ہوئے بہاولپور پولیس نے اشتہاریوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 4202اشتہاریوں اور 568عدالتی مفروران کو گرفتار کیا۔منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 1098ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 568 کلو 235 گرام چرس، 02 کلو 286 گرام کرسٹل آئس،40 کلو 53 گرام ہیروئن، 43237لیٹر شراب ولہن اور 687 کلو بھنگ برآمد کی۔اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے بہاولپور پولیس نے اب تک 598مقدمات درج کرکے گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 04 کلاشنکوف، 25رائفلیں،53ریپٹر،513پسٹل اور 6117راؤند برآمد کئے۔چنی گوٹھ کے علاقہ میں اہم ترین مقدمہ میں 10 کروڑ کی ریکارڈ ریکوری کی جس میں کاٹن بیلز ڈکیتی ہو چکی تھیں۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کی معاشرے کے ناسوروں کو آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کی پالیسی قائم رکھتے ہوئے اب تک بہاولپور پولیس نے 11پولیس مقابلے کئے اور 11 خطرناک ترین ملزمان ہلاک ہوئے اور خطرناک ڈکیتوں کو بہاولپور پولیس کی طرف سے طاقت ور پیغام دیا گیا جس سے ڈکیتی کی وارداتوں میں نمایاں کمی سامنے آئی۔دہشت کی علامت سمجھے جانے والے قتل و ڈکیتی




بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی تعیناتی میں بہاولپور پولیس کی اب تک کی کارکردگی رپورٹ جاری